http://dailygawadarbusiness.com.pk

Member APNS

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت

Daily Gwadar Business Quetta

ABC Certified

روزنامہ
گوادر بزنس
کوئٹہ

جلد 22 | منگل 29 ستمبر 2026ء | 16 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 80

Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

فیلڈ مارشل سے امریکی افغانستان وار کمیشن کے وفد کی ملاقات

باہمی امور اور افغانستان میں امریکی جنگ کے دوران پاکستان کی معاونت پر گفتگو

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا تنازع کے اسٹریٹجک، سفارتی اور آپریشنل پہلوؤں کا جائزہ لیا، علاقائی تناظر، پاکستان کے تجربات کو شامل کرنے کی اہمیت پر زور دیا

امریکی وفد کا افغانستان میں تنازع کے دوران پاکستان کے دیرینہ کردار اور قربانیوں کا اعتراف، علاقائی امن واستحکام کے لیے پاکستان کی مسلسل خدمات کو سراہا

راولپنڈی (این این آئی) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے پیر کو امریکی افغانستان وار کمیشن کے وفد نے جی ایچ کیو راولپنڈی میں ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور اور افغانستان میں امریکی جنگ کے دوران پاکستان کی معاونت پر گفتگو کی گئی۔(بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

چاروں صوبے پاکستان کا حصہ ہیں، سید یوسف رضا گیلانی

نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام سے متعلق کوئی ایجنڈا ابھی تک سینیٹ میں پیش نہیں کیا گیا

کراچی (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام سے متعلق کوئی ایجنڈا ابھی تک سینیٹ میں پیش نہیں کیا (بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر)

نامعلوم مسلح ملزمان نے ٹریفک اہلکاروں کی موبائل پر فائرنگ کردی، 3 اہلکار شہید

ٹانک (این این آئی) نامعلوم مسلح ملزمان نے ٹریفک اہلکاروں کی موبائل پر فائرنگ کردی جس سے 3 اہلکار شہید ہوگئے۔(بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم نے جماعت اسلامی کے مطالبات پر ورکنگ پلان طلب کرلیا

امیر جماعت اسلامی نے پیٹرولیم لیوی 35 سے 40 روپے کم کرنے کا ایجنڈا پیش کیا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم نے جماعت اسلامی کے مطالبات پر ورکنگ پلان طلب کرلیا، متعلقہ وزارتوں سے ورک پلان ملنے کے بعد آئندہ کا لائحہ عمل طے (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

☆☆☆☆☆☆☆ لاہور: وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نیشنل سکول آف پبلک پالیسی میں شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆

سیاسی لوگوں سے مذاکرات کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں ہتھیار اٹھانے والوں سے مذاکرات نہیں ہوسکتے بلوچستان کو توڑنے کا خواب کبھی پورا نہیں ہوسکتا

بلوچستان کے مسئلے کو حقائق اور تاریخی تناظر میں سمجھنے کی ضرورت ہے

میر سرفراز بگٹی

غلط بیانیے کی بنیاد پر صوبے کے حالات کا درست تجزیہ ممکن نہیں

صوبے کا بنیادی مسئلہ پسماندگی نہیں بلکہ غلط بیانیہ ہے، بدقسمتی سے دور حاضر میں بلوچستان کی درست تاریخ بیان نہیں کی جاتی، پنجاب سے بعض بیوروکریٹس بلوچستان آنا پسند نہیں کرتے

پسماندگی پاکستان کے ہر صوبے میں موجود ہے، تاہم اس بنیاد پر کہیں بھی ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھانے یا ریاست کو ختم کرنے کی بات نہیں کی جاتی

بلوچستان کے پاکستان کے ساتھ الحاق کے حوالے سے بھی تاریخی حقائق کو درست تناظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے، خان آف قلات نے کتاب میں لکھا الحاق رضامندی سے ہوا

لاہور (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے کا بنیادی مسئلہ پسماندگی نہیں بلکہ غلط بیانیہ ہے۔ حقائق اور تصور میں فرق کو سمجھنے کی ضرورت ہے بدقسمتی سے دور حاضر میں بلوچستان کی درست تاریخ بیان نہیں کی جاتی، پسماندگی پاکستان کے ہر صوبے میں موجود ہے، تاہم اس بنیاد پر کہیں بھی ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھانے یا ریاست کو ختم کرنے کی بات نہیں کی جاتی۔ بلوچستان کو توڑنے کا خواب کبھی پورا نہیں ہوسکتا، آئین کا آرٹیکل 5 ریاست (بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ اسماعیل خان، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، فتنہ الخوارج کے 4 دہشت گرد جہنم واصل

ہلاک دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور افغانی کرنسی برآمد کرلی گئی

محسن نقوی کا دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھنے کا عزم

ڈی آئی خان (این این آئی) خیبرپختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں سیکیورٹی فورسز نے عزم استحکام ویژن کے تحت انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کرتے ہوئے 4 دہشت (بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر)

امریکا کیساتھ جنگ کیلئے تیار، سفارتکاری کی کوشش کر رہے ہیں، ایران

امریکا کا آبنائے ہرمز پر ایران کے مکمل کنٹرول کا دعویٰ مسترد

امریکا کی بات پر یقین کرنے والوں کیلئے آبنائے ہرمز میں مفت ڈالرز چھاپنے کی مشین لگی ہوئی ہے، جائیں اور لے لیں، باقر قالیباف کا طنز

ڈونلڈ ٹرمپ پر منحصر ہے کہ وہ سفارت کاری اور جنگ میں سے کون سے میدان کا انتخاب کرتے ہیں، ایرانی وزیر خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی سینٹرل کمانڈ نے آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول کے ایرانی دعوے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران اس اہم بحری گزرگاہ پر مکمل اختیار نہیں رکھتا اور اس کے بحری بیڑے کو امریکی افواج تباہ کرچکی ہیں۔ امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹکام) (بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر)

فیصلہ سازی میں نظر انداز کرنے پر تحریک تحفظ آئین اور پی ٹی آئی میں اختلافات پیدا ہوگئے

پی ٹی آئی نے 27 ستمبر کے لانگ مارچ موخر کرنے کے فیصلے پر اعتماد میں نہیں لیا تھا، مشاورت اور اعتماد میں لئے بغیر لانگ مارچ موخر کیا

پی ٹی آئی نے لانگ مارچ کا ایجنڈا صرف بانی کی رہائی تک محدود رکھا، تحریک تحفظ آئین پاکستان کا موقف

اسلام آباد (این این آئی) 27 ستمبر کو لانگ مارچ موخر کرنے کیلئے فیصلہ سازی میں نظر انداز کرنے پر تحریک تحفظ آئین پاکستان اور پی ٹی آئی میں اختلافات سامنے آگئے (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

بانی پی ٹی آئی سے (آج) وکلا کی ملاقات کا دن، 6 نام جیل حکام کو ارسال

راولپنڈی (این این آئی) تحریک انصاف کی جانب سے (آج) منگل کو بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لئے 6 وکلا کے ناموں پر مشتمل فہرست جیل حکام کے حوالے کر دی گئی۔(بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

راولپنڈی: فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے امریکی افغانستان جنگ کمیشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان کی چوہدری شجاعت حسین سے ملاقات

لاہور (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پیر کو لاہور میں پاکستان مسلم لیگ (ق) کے مرکزی صدر چوہدری شجاعت حسین سے ملاقات کی اور ان کی مزاج پرسی کی۔ ملاقات کے دوران وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے چوہدری (بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر)

گورنر راج اور ایمرجنسی کی شقیں آئین پاکستان میں موجود ہیں، فیصل کریم کنڈی

پہلے کہہ دیا تھا کہ تحریک انصاف لانگ مارچ کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہے

میانوالی (این این آئی) گورنر صوبہ خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سابق وفاقی وزیر مملکت برائے خارجہ امور نوابزادہ ملک عماد خان آف کالاباغ (میانوالی) کے گھر پہنچ (بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر)

چیف جسٹس سے جنوبی کوریا کے سفیر کی ملاقات

عدالتی خودکاری اور ڈیجیٹل نظام میں جنوبی کوریا کے تجربات سے استفادہ کریں گے، چیف جسٹس

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ جنوبی کوریا کی سپریم کورٹ کو عدالتی خودکاری اور ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

لاہور: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پاکستان مسلم لیگ (ق) کے مرکزی صدر چوہدری شجاعت حسین سے ملاقات کر رہے ہیں

بلاول بھٹو زرداری سے سینئر رہنماؤں اور سندھ کابینہ کے اراکین کی الگ الگ ملاقاتیں

ملکی سیاسی صورتحال، پارلیمانی امور اور مختلف ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے پیر کو بلاول ہاؤس کراچی میں پارٹی کے سینئر رہنماؤں اور سندھ کابینہ کے اراکین نے الگ (بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی دہشت گردوں کی مالی معاونت میں ملوث ہے

سیاست کے کچھ اصول ہوتے ہیں پی ٹی آئی تمام حدود پار کر چکی ہے

عطا تارڑ

خیبر پختونخوا حکومت کا دہشت گردوں اور افغانستان کے حوالے سے معاندانہ نرم رویہ، سہولت کاری اور مجرمانہ غفلت ملک کو دہشت گردی کی آگ میں دھکیل رہی ہے

پاکستان میں گزشتہ ڈھائی سے تین سال کے دوران ہونے والی دہشت گردی کی کارروائیوں اور حملہ آور تشکیلوں میں 70 فیصد افغان شہری ملوث ہیں، طلال چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی دہشت گردوں کی مالی معاونت میں ملوث ہے ... مسلم لیگ ... دہشت گردی کے خلاف جانوں کی قربانی دے چکے ہیں، صرف پی ٹی آئی کو دہشت گرد کچھ نہیں کہتے، ایسا کیوں ہے؟ سیاست کے بھی کچھ اصول ہوتے ہیں، پی ٹی آئی تمام حدود پار کر چکی ہے (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

بلوچستان ہائیکورٹ، وفاقی پی ایس ڈی پی میں صوبائی اسمبلی کے منصوبے کی تفصیل طلب

بلوچستان اسمبلی کی عمارت گرائے جانے کے خلاف درخواست کی سماعت 7 اکتوبر تک ملتوی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کی عمارت گرائے جانے کے خلاف (بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزے پر مذاکرات

گریڈ 17 سے 22 تک کے سرکاری افسران اپنے اثاثے عام کرنے کے پابند ہوں گے، ملازمین کے اثاثے ظاہر کرنے کے معاملے پر بریفنگ

ساورن ویلتھ فنڈ اور گردشی قرض میں کمی سے متعلق اقدامات پر آئی ایم ایف کو بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان ... باقاعدہ مذاکرات کے (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان ... جائزے پر مذاکرات (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

تحریک تحفظ آئین پاکستان نے 14 اکتوبر کی پی ٹی آئی کال کی حمایت کردی

اسلام آباد (این این آئی) تحریک تحفظ آئین پاکستان نے 14 اکتوبر کی پی ٹی آئی کی کال کی حمایت کر دی ہے۔ ترجمان تحریک تحفظ آئین پاکستان نے کہا ہے کہ تحریک انصاف اپوزیشن اتحاد کا حصہ ہے، اب تحریک انصاف کی (بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر)

روسی دفاعی وزارت کا یوکرینی فوج کے زیر استعمال ڈیٹا سینٹرز پر حملوں کا دعویٰ

روسی فضائی دفاعی نظام نے 43 یوکرینی ڈرونز کو روک کر تباہ کر دیا، وزارت دفاع

ماسکو (این این آئی) روسی وزارت دفاع نے دعویٰ کیا ہے کہ روسی افواج نے یوکرین کے دارالحکومت کیف میں اومیگا ٹیلی کام اور کیف سٹار کے ڈیٹا سینٹرز کو نشانہ بنایا ہے، (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

عوام کو بتایا جا رہا ہے کہ تمہاری کوئی حیثیت نہیں، سلمان اکرم راجہ

صرف کسی اندیشے کی بنیاد پر کسی کے بنیادی حقوق چھین لینا کہاں کا انصاف ہے

میرے علم میں نہیں اس وقت بیک چینل پر کوئی کام کر رہا ہے یا نہیں، میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ علیمہ خان کے ساتھ جو سلوک ہو رہا ہے، اس کے ذریعے عوام کو اعلان کر کے بتایا (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

ڈی آئی خان حملے کے تانے بانے کابل سے ملتے ہیں، طلال چوہدری

کے پی حکومت نے 14 سال میں سکیورٹی فورسز کو نہ قیادت دی نہ وسائل

اسلام آباد (یو این اے) وزیر مملکت برائے داخلہ سینیٹر طلال چوہدری نے انکشاف کیا ہے کہ پاکستان میں گزشتہ ڈھائی سے تین سال کے دوران ہونے والی دہشت گردی کی (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

جناح ہاؤس حملہ کیس، پی ٹی آئی رہنما حماد اظہر کے جسمانی ریمانڈ میں 7 روز کی توسیع

لاہور (این این آئی) عدالت نے جناح ہاؤس حملہ کیس میں سابق وفاقی وزیر اور پی ٹی آئی رہنما حماد اظہر کے جسمانی ریمانڈ (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

جنگ بندی کی تجویز مسترد، تیل کی قیمتوں میں دوبارہ اضافہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے جنگ بندی اور آبنائے ہرمز دوبارہ کھولنے سے متعلق ایران کی تجویز مسترد کیے جانے کے بعد تیل کی قیمتوں میں (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کو کالونی کی طرز پر دیکھا جا رہا ہے، ناانصافیوں کا خاتمہ ضروری ہے

ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

مشکل حالات میں قومی قیادت قوموں کو سہارا دیتے ہیں عوام کی حق حاکمیت کو چھینا گیا، بلوچستان کو کہاں لے جایا جا رہا ہے

کارکن پارٹی تنظیم کو منظم کریں اکابرین کے نقش قدم پر عمل پیرا ہو کر سیاسی جدوجہد کو آگے بڑھانے کی ضرورت ہے

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے بابائے بلوچستان میر غوث بخش بزنجو اور میر جمہوریت میر حاصل خان بزنجو کی سیاسی قومی جدوجہد اور سیاسی بصیرت دور اندیشی کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔ ڈاکٹر مالک بلوچ نے کہا کہ دونوں عظیم (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

تحریک انصاف کی وجہ سے پورا اسلام آباد محاصرے میں رہا، شرجیل میمن

کنٹینر لگانے اور ہٹانے پر حکومت کے کروڑوں روپے خرچ ہوئے، سیاسی جماعت ذمہ داری کا مظاہرہ کرے

کراچی (این این آئی) سینئر وزیر سندھ شرجیل میمن نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کی وجہ سے پورا اسلام آباد محاصرے میں رہا۔ سینئر وزیر سندھ شرجیل میمن نے میڈیا سے گفتگو کرتے (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

گورنر راج یا ایمرجنسی کی دھمکیوں سے اپنے مؤقف سے پیچھے نہیں ہٹوں گا، سہیل آفریدی

خیبرپختونخوا کے عوام کو ایک مخصوص مائنڈ سیٹ کے تجربات کا نشانہ بنایا جا رہا ہے

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ گورنر راج یا ایمرجنسی کی دھمکیوں سے وہ اپنے مؤقف سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ پشاور میں امن وامان (بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر)

امن پسندی کو کمزوری نہ سمجھا جائے عوام کے حق سے دستبردار نہیں ہوں گے

حافظ نعیم

بلاول واقعی اسٹیبلشمنٹ کے انتخابی نظام کے خلاف ہیں تو کراچی میں جعلی میئر شپ، فارم 47 والی نشستوں سے دستبردار ہو جائیں

حکومت کو پیٹرول لیوی بھتہ ٹیکس ختم کرنا ہوگا، حکومت تحریک انصاف کا مسئلہ مذاکرات سے حل کرے

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ ہماری امن پسندی کو ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے، ہماری اسٹریٹ پاور سب نے دیکھ لی ہے، ہم کسی بھی صورت عوام کے حق سے دستبردار نہیں ہوں گے، ہماری جدوجہد کے نتیجے میں عوام کو جو (بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر)

اسرائیلی اپوزیشن نے نیتن یاہو کی حکومت گرانے کیلئے اتحاد کرلیا

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل کی 5 بڑی اپوزیشن جماعتوں کے رہنماؤں نے آئندہ 27 اکتوبر کو ہونے والے پارلیمانی انتخابات سے قبل وزیر اعظم نیتن یاہو کی (بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر)

گڈز ٹرانسپورٹرز کی ملک گیر ہڑتال، بندرگاہیں بند کرنے کی دھمکی

لانگ مارچ روکنے کیلئے قبضے میں لیے گئے کنٹینرز کے واجبات ادا نہ ہوئے تو پورٹس پر کام بند کر دیں گے، نثار جعفری

کراچی (این این آئی) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز الائنس نے حکومت کو ملک گیر ہڑتال اور بندرگاہوں پر سامان کی آمدورفت بند کرنے کی دھمکی دے دی۔ چیئرمین آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز الائنس نثار حسین جعفری نے کہا ہے کہ سیاسی لانگ مارچ اور (بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر)

بلوچستان پولیس میں بڑے پیمانے پر تبادلے وتعیناتیاں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان پولیس میں اعلیٰ افسران کے تبادلے وتعیناتیوں کے احکامات جاری کردیئے گئے۔ انسپکٹر (بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر)

لاہور: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نیشنل سکول آف پبلک پالیسی میں شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کا لانگ مارچ کا اعلان محض سیاسی دکھاوا تھا، اختیار ولی خان

جب حکومت نے مذاکرات کا موقع فراہم کیا تو پی ٹی آئی قیادت نے اسے مسترد کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے اطلاعات وخیبر پختونخوا امور اختیار ولی خان نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے لانگ مارچ کی کال (بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر)

7 فیصد اضافے کے بقایات کی ایڈجسٹمنٹ، ماہانہ تنخواہوں کی ادائیگی عارضی طور پر روک دی گئی

اے جی بلوچستان آفس کی حتمی منظوری کے بعد تنخواہوں کی ادائیگی کا عمل فوری بحال کر دیا جائے گا

کوئٹہ (یو این اے) تمام سرکاری ملازمین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ماہانہ تنخواہوں کی ادائیگی کا عمل فی الحال عارضی طور پر روک دیا گیا ہے۔ محکمہ جاتی ذرائع کے مطابق، جولائی میں (بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر)



کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ
گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

عہدِ جون ایلیا کے عنوان سے شاندار ادبی مشاعرے کا انعقاد

کوئٹہ میں معروف شاعر جون ایلیا کی ادبی خدمات اور شاعری کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے ''عہدِ جون ایلیا'' کے عنوان سے ایک خوبصورت ادبی مشاعرے کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں ادب سے وابستہ شخصیات، شعرا، سماجی شخصیات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ پروگرام کی میزبانی جویریہ سعود حق نے کی۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوتِ قرآنِ پاک سے ہوا، جس کے بعد نعتِ رسولِ مقبول ﷺ پیش کی گئی۔ اس کے بعد جون ایلیا کی شخصیت، ادبی خدمات، شاعری اور اردو ادب میں ان کے منفرد مقام کے حوالے سے اظہارِ خیال کیا گیا۔ مشاعرے میں جہاں آرا تبسم، ارسلان فیاض، عمر فاروق، سرور جاوید اور شوکت العوان سمیت دیگر اہم ادبی و سماجی شخصیات نے شرکت کی۔ شرکاء نے جون ایلیا کی شاعری اور ان کے منفرد اندازِ بیان کو سراہتے ہوئے ان کی ادبی خدمات کو اردو ادب کا اہم سرمایہ قرار دیا۔ تقریب کے دوران شعرا کی جانب سے کلام پیش کیا گیا، جسے حاضرین نے بھرپور پذیرائی دی۔ مشاعرے کا مقصد نئی نسل کو اردو ادب اور بالخصوص جون ایلیا کی شاعری سے روشناس کرانا اور ادبی سرگرمیوں کو فروغ دینا بھی تھا۔

سُنو !

بہت نزدیک ہو مجھ سے
ذرا سا فاصلہ کرلو
مرے دل کو دھڑکنے دو
مجھے پلکیں جھپکنے دو
زباں سے کچھ تو کہنے دو
سماعت میں ہے سناٹا
لہو کی آنچ مدھم ہے
تخیل جیسے برہم ہے
نفس کی لو بھی مبہم ہے
سنو! بس اب ٹھہر جاؤ
مجھے خود سے بھی ملنے دو
مجھے اپنا تو رہنے دو

کوئٹہ، بلوچستان ریفارمز ادبی سوسائٹی کے زیر اہتمام بزم جہاں آراء لیٹریسی آگاہی ورکشاپ کے شرکاء سے ریڈیو پاکستان کی اسٹیشن ڈائریکٹر صدیقہ خان، آغا گل، شفقت عاصمی، جہاں آراء تبسم، ڈاکٹر فرحت حسین، شیخ فرید اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان ریفارمز ادبی سوسائٹی، بزمِ جہاں آر کے زیرِ اہتمام اور محکمہ ثقافت حکومتِ بلوچستان کے تعاون سے بلوچستان کی پہلی ادبی ورکشاپ

ادبی سرگرمیاں نوجوانوں میں نہ صرف مطالعے اور تحریر کا ذوق پیدا کرتی ہیں بلکہ ان کے اندر اظہارِ خیال، مشاہدے اور تخلیقی صلاحیتوں کو بھی اجاگر کرتی ہیں: آغا گل، شفقت عاصمی، جہاں آرا تبسم، شیخ فرید

نوجوان نسل کو ادب سے جوڑنا شعور اور تخلیقی فکر سے جوڑنے کے مترادف ہے: شاہ محمد شامی، ڈاکٹر فرحت، ملک عاصم، عجب ساحل

ادب کسی بھی معاشرے کی فکری اور تہذیبی شناخت کا آئینہ دار ہوتا ہے: صدیقہ خان ملالئی

تحریر۔ ارسلان فیاض

- کوئٹہ (بلوچستان ریفارمز) ریڈیو پاکستان کوئٹہ کی اسٹیشن ڈائریکٹر صدیقہ خان ملالئی نے کہا ہے کہ ادب کسی بھی معاشرے کی فکری اور تہذیبی شناخت کا آئینہ دار ہوتا ہے جبکہ نوجوان نسل کو ادب سے جوڑنا دراصل مستقبل کو علم، شعور اور تخلیقی فکر سے جوڑنے کے مترادف ہیان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان ریفارمز ادبی سوسائٹی، بزمِ جہاں آر کے زیرِ اہتمام اور محکمہ ثقافت حکومتِ بلوچستان کے تعاون سے منعقدہ ادبی ورکشاپ کے شرکا سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا اس موقع پر معروف ادباو شعرا آغا گل، شفقت عاصمی، جہاں آرا تبسم، شیخ فرید نے ناول نگاری، سفرنامہ، شاعری اور ادب اطفال پر سیشن دیئے جبکہ تقریب سے بلوچستان ریفارمز ادبی سوسائٹی کے صدر شاہ محمد شامی، ڈاکٹر فرحت حسین، ملک عاصم اعوان، عجب خان ساہل، فاریہ بتول، نرگس ندیم ودیگر نے بھی خطاب کیا مقررین نے منتظمین کو بلوچستان میں پہلی ادبی ورکشاپ کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد پیش کی اور اس اقدام کو نوجوان نسل کو ادب، مطالعے اور تخلیقی سرگرمیوں سے جوڑنے کی جانب ایک مثبت اور قابلِ تحسین قدم قرار دیا اور کہا کہ اس نوعیت کی ادبی سرگرمیاں نوجوانوں میں نہ صرف مطالعے اور تحریر کا ذوق پیدا کرتی ہیں بلکہ ان کے اندر اظہارِ خیال، مشاہدے اور تخلیقی صلاحیتوں کو بھی اجاگر کرتی ہیں تقریب کے اختتام پر شرکا کو سرٹیفکیٹس بھی دئے گئے۔

☆☆☆☆

کوئٹہ، بلوچستان ریفارمز ادبی سوسائٹی کے زیر اہتمام بزم جہاں آراء لیٹریسی آگاہی ورکشاپ کے شرکاء میں ریڈیو پاکستان کی اسٹیشن ڈائریکٹر صدیقہ خان، آغا گل، جہاں آراء تبسم، ڈاکٹر فرحت حسین، ملک عاصم، صورت بایان سونیئر اور سرٹیفکیٹ تقسیم کر رہے ہیں

افغان طالبان کے الزامات بے بنیاد!

وزارت اطلاعات ونشریات نے فیکٹ چیک کرتے ہوئے افغان طالبان رجیم کے نورستان میں مبینہ تشدد کو پاکستان سے جوڑنے کے الزامات کو بے بنیاد قرار دیدیا۔ وزارت اطلاعات کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ افغان طالبان رجیم کے نورستان میں مبینہ تشدد کو پاکستان سے جوڑنے کے الزامات بے بنیاد ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ پاکستان افغان سیکیورٹی فورسز یا انٹیلی جنس اداروں کے الزامات کو مسترد کرتا ہے، افغانستان کے اندرونی جھڑپوں میں ملوث ہونے کے الزامات مسترد کرتے ہیں۔ وزارت اطلاعات نے کہا کہ سابق افغان سیکیورٹی اہلکاروں کو بھرتی یا تربیت دینے کے الزامات بے بنیاد ہیں۔ داعش یا کسی دہشت گرد گروہ کو سہولت فراہم کرنے کے الزامات بھی بے بنیاد ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ پاکستان کے خلاف الزامات کے ثبوت پیش نہیں کیے گئے اور نہ کسی فرد کی شناخت، دستاویزات، مواصلاتی ریکارڈ یا فورنزک شواہد سامنے آئے ہیں۔ وزارت اطلاعات نے کہا کہ سوشل میڈیا کی مبینہ ویڈیو میں چند غیر مسلح افراد دکھائے گئے۔ ویڈیو میں افراد مناسب لباس یا ساز وسامان سے بھی لیس نہیں، ویڈیو افغان طالبان رجیم کی جانب سے طے شدہ انداز میں بنائی گئی لگتی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ افغانستان میں دہشت گرد گروہوں کی موجودگی عالمی رپورٹس میں سامنے آئی ہے، اقوام متحدہ کی رپورٹس میں بھی افغان دہشتگرد گروہوں کی سرگرمیوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ وزارت اطلاعات نے کہا کہ پاکستان سے تعلق جوڑنے کی کوششیں افغان سرزمین پر دہشت گردوں کی موجودگی نہیں چھپا سکتیں، افغان سرزمین پر دہشتگرد گروہوں کو محفوظ پناہ گاہیں اور سازگار ماحول حاصل ہے۔ وزارت اطلاعات نے کہا کہ طالبان رجیم کی جانب سے پاکستان پر دہشتگردی کی معاونت کا الزام باعثِ حیرت ہے۔ افغانستان سے سرگرم دہشت گرد تنظیمیں پاکستان اور خطے کی سلامتی کے لیے براہِ راست خطرہ ہیں۔

انجمن آفاق قرطاس وقلم کے زیر اہتمام شعری نشست

انجمن آفاق قرطاس وقلم کے زیر اہتمام اس انجمن کے چیئرمین و بانی محترم زاہد آفاق کے دولت کدے پر ایک بہت ہی خوبصورت شعری نشست
ادبی ستاروں سے سجی یہ محفل محترم سرور جاوید کے اعزاز میں منعقد کی گئی تھی ساتھ ہی انہیں محفل کی صدارت بھی سونپی گئی مہمان اعزاز اردو اور براہوئی کے مایہ ناز شاعر اور افسانہ نگار سرجن ڈاکٹر اعظم بنگلزئی تھے اور مہمان' اعزازی کے طور پر محترم جناب عارف ضیاء صاحب جلوہ افروز تھے نہایت کے فرائض مجھ ناچیز کے ذمہ تھے جبکہ میزبان خصوصی کے فرائض انجم آفاق، قرطاس وقلم کے بانی جناب زاہد آفاق صاحب نے نہایت شفقت ومحبت اور خلوص سے نبھائے
20 ستمبر 2026ء کی یہ ادبی شام کوئٹہ کی ادبی تاریخ میں ایک خوب صورت یاد کے طور پر محفوظ رہے گی۔
انجمن ''آفاقِ قرطاس وقلم'' کے چیئرمین و بانی زاہد آفاق صاحب بلاشبہ مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے شعروادب کی شمع کو روشن رکھنے اور اہلِ قلم کو ایک خوب صورت ادبی ماحول فراہم کرنے کی یہ روایت قائم رکھی۔
شاعروں کے علاوہ متعدد فنکاروں کی شرکت نے اس تقریب میں چار چاند لگا دیئے فنکار اور شعراء و شاعرات جنہوں نے خوبصورت کلام سنا کر ڈھیروں داد وصول کی انکی ترتیب و تفصیل کچھ یوں رہی
تلاوت و نعت کی سعادت صدام حسین بلوچ صاحب نے حاصل کی
بطور میزبان افتتاحی کلمات زاہد آفاق صاحب نے مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے ادا کئے جبکہ شعروادب اور صاحب شام پر
صداقت بٹ، عنبرین خان اور اے ڈی بلوچ صاحب نے خراج تحسین پیش کرتے ہوئے نہایت خوبصورت گفتگو کی
شعرائے اکرام
01- جہاں آراء تبسم (نظامت کار)
02- نرگس ندیم
03- شوکت امان
04- ظہور زیبی
05- عجب سائل
06- سلیم بلوچ
07- عادل اچکزئی
08- زاہد بلوچ
09- احمد وقاص
10- کامران قمر
11- جہانگیر کاوش
12- عظیم انجم ھانبھی
13- شکور زاہد
14- زاہد آفاق_ میزبان خاص
15- عارف ضیاء_ مہمان اعزازی
16- اعظم بنگلزئی_ مہمان خصوصی
17- سرور جاوید_ صدر محفل
اللہ پاک دوستوں کی محفلیں قائم و دائم آباد رکھے آمین
اسطرح یہ تقریب انمٹ نقوش چھوڑتی ہوئی دلوں پر مہر و محبت ثبت کرتی ہوئی پر تکلف عشائیے پر اختتام پذیر ہوئی
جہاں آراء تبسم
☆☆☆☆

تنہائی کا درد

جس پر تھا ہمیں سب سے زیادہ بھروسہ،
وہی آخر میں ہمیں تنہا چھوڑ گیا۔

ہم نے دل سے چاہا تھا جسے،
وہ کسی اور کا نصیب بن گیا۔

ہماری خاموشی کو کمزوری نہ سمجھو،
دل ٹوٹا ہے اس لیے بولتے نہیں۔

کبھی سوچا نہ تھا وہ بھی بدل جائے گا،
جو کہتا تھا میں ہمیشہ ساتھ رہوں گا۔

ہم نے جسے اپنی دنیا سمجھا تھا،
اسی نے ہمیں اپنی دنیا سے نکال دیا۔

کوئٹہ، بلوچستان ریفارمز ادبی سوسائٹی کے زیر اہتمام تقریب میں آغا گل خاتون کو شیلڈ دے رہے ہیں

سمندر میں اُترتا ہوں تو آنکھیں بھیگ جاتی ہیں
تری آنکھوں کو پڑھتا ہوں تو آنکھیں بھیگ جاتی ہیں

تمہارا نام لکھنے کی اِجازت چھن گئی جب سے
کوئی بھی لفظ لکھتا ہوں تو آنکھیں بھیگ جاتی ہیں

ترے کوچے سے اَب میرا تعلق وَاجبی سَا ہے
مگر جب بھی گزرتا ہوں تو آنکھیں بھیگ جاتی ہیں

ہزاروں موسموں کی حکمرانی ہے مرے دل پر
وصیؔ مَیں جب بھی ہنستا ہوں تو آنکھیں بھیگ جاتی ہیں

وصی شاہ

تنہائی کا درد

جس پر تھا ہمیں سب سے زیادہ بھروسہ،
وہی آخر میں ہمیں تنہا چھوڑ گیا۔

ہم نے دل سے چاہا تھا جسے،
وہ کسی اور کا نصیب بن گیا۔

ہماری خاموشی کو کمزوری نہ سمجھو،
دل ٹوٹا ہے اس لیے بولتے نہیں۔

کبھی سوچا نہ تھا وہ بھی بدل جائے گا،
جو کہتا تھا میں ہمیشہ ساتھ رہوں گا۔

ہم نے جسے اپنی دنیا سمجھا تھا،
اسی نے ہمیں اپنی دنیا سے نکال دیا۔

بلوچستان میں پہلی ادبی ورکشاپ کا انعقاد

کوئٹہ: بزم جہاں آراء اور بلوچستان ریفارمز ادبی سوسائٹی کے زیرِ اہتمام، محکمہ ثقافت حکومتِ بلوچستان کے تعاون سے بلوچستان میں پہلی مرتبہ ایک جامع ادبی ورکشاپ نوری نصیر خان کلچر کمپلیکس کوئٹہ میں منعقد ہوئی۔ ورکشاپ میں کوئٹہ کے مختلف بوائز اور گرلز کالجز کے طلبہ و طالبات کے علاوہ معروف ادیبوں، شاعروں، دانشوروں اور ادب سے وابستہ خواتین و حضرات نے شرکت کی۔
چار سیشنز پر مشتمل اس ادبی ورکشاپ میں

شرکاء کو ادب کی مختلف اصناف کے حوالے سے تربیت اور رہنمائی فراہم کی گئی۔ پہلے سیشن میں ادبِ اطفال کے موضوع پر شیخ فرید نے اظہارِ خیال کیا، دوسرے سیشن میں ناول اور افسانہ کے موضوع پر معروف ادیب آغا گل نے لیکچر دیا، تیسرے سیشن میں سفرنامہ کے موضوع پر شفقت عاصمی نے شرکاء کی رہنمائی کی، جبکہ چوتھے سیشن میں معروف شاعرہ و ادیبہ جہاں آراء تبسم نے شاعری کے موضوع پر تفصیلی گفتگو کی۔
ورکشاپ کے دوران طلبہ و طالبات کو ادبی اصناف، تخلیقی اظہار، مطالعے کی اہمیت اور تحریری و شعری صلاحیتوں کو نکھارنے کے حوالے سے عملی رہنمائی فراہم کی گئی۔ شرکاء نے مختلف موضوعات پر سوالات بھی کیے، جن کے مقررین نے تفصیلی اور مدلل جوابات دیے۔

ادبی ورکشاپ میں نوجوان شعراء و شاعرات کی حوصلہ افزائی کے لیے خصوصی مشاعرے کا بھی اہتمام کیا گیا، جس میں طلبہ و طالبات نے اپنا کلام پیش کیا اور شرکاء سے بھرپور داد وصول کی۔
ورکشاپ کی مہمانِ خصوصی ریڈیو پاکستان کوئٹہ کی اسٹیشن ڈائریکٹر محترمہ صدیقہ خان ملالئی تھیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے منتظمین کو بلوچستان میں پہلی ادبی ورکشاپ کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد پیش کی اور اس اقدام کو نوجوان نسل کو ادب، مطالعے اور تخلیقی سرگرمیوں سے جوڑنے کی جانب ایک مثبت اور قابلِ تحسین قدم قرار دیا۔
محترمہ صدیقہ خان ملالئی نے کہا کہ ادب کسی بھی معاشرے کی فکری اور تہذیبی شناخت کا آئینہ دار ہوتا ہے، جبکہ نوجوان نسل کو ادب سے جوڑنا دراصل مستقبل کو علم، شعور اور تخلیقی فکر سے جوڑنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس نوعیت کی ادبی سرگرمیاں نوجوانوں میں نہ صرف مطالعے اور تحریر کا ذوق پیدا کرتی ہیں بلکہ ان کے اندر اظہارِ خیال، مشاہدے اور تخلیقی صلاحیتوں کو بھی اجاگر کرتی ہیں۔
انہوں نے کہا کہ ریڈیو بنیادی طور پر آواز اور الفاظ کی دنیا ہے، جہاں الفاظ کا درست انتخاب، زبان، لہجہ، تلفظ اور ادائیگی غیر معمولی اہمیت رکھتے ہیں۔ ریڈیو پاکستان نے ہمیشہ نئے لکھنے والوں، شاعروں، ادیبوں اور فنکاروں کو اپنی صلاحیتیں اجاگر کرنے کے مواقع فراہم کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان لکھاریوں کو چاہیے کہ وہ وسیع مطالعے، مسلسل مشاہدے اور زبان و بیان کی درستگی پر خصوصی توجہ دیں، کیونکہ ایک اچھا لکھاری صرف الفاظ نہیں لکھتا بلکہ اپنے معاشرے کے احساسات، مسائل اور تہذیبی اقدار کو بھی الفاظ کا روپ دیتا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس ورکشاپ کے نتیجے میں نوجوانوں میں ادب سے وابستگی مزید مضبوط ہوگی اور ان میں سے کئی نوجوان مستقبل کے نامور ادیب، شاعر اور دانشور بن کر سامنے آئیں گے۔
انہوں نے ورکشاپ کے منتظمین کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان جیسے وسیع اور متنوع خطے میں ادبی سرگرمیوں کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے اور ایسے اقدامات معاشرے میں فکری، ثقافتی اور ادبی شعور کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔
تقریب کے اختتام پر مہمانِ خصوصی اسٹیشن ڈائریکٹر ریڈیو پاکستان کوئٹہ محترمہ صدیقہ خان ملالئی نے ورکشاپ کے شرکاء اور منتظمین میں شیلڈز تقسیم کیں۔ شرکاء نے ادبی ورکشاپ کے انعقاد کو سراہتے ہوئے اسے نوجوانوں کے لیے ایک مفید، معلوماتی اور حوصلہ افزا ادبی سرگرمی قرار دیا۔



بقیہ 1

۔ پاکستان کیلئے گراں قدر خدمات ہیں۔ قائد میاں محمد نواز شریف کی جمہوریت اور جمہوری اداروں کے استحکام کیلئے خدمات اور قربانیاں قابلِ قدر ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں بلوچستان انٹرنیشنل تھنک ٹینک، فرینڈز آف یونیورس اور پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے زیرِ اہتمام "دی ریئل ڈیموکریٹ میاں محمد نواز شریف انٹرنیشنل سول ایوارڈ" کی تقریب رونمائی سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ سیاسی و جمہوری قائدین میں خان عبدالولی خان کے بعد میاں محمد نواز شریف ایک بڑے سیاسی رہنما ہیں جنہوں نے ملک کی سیاست میں ایک نمایاں کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ خود بھی اصولی سیاست پر یقین رکھتے ہوئے پشتون، بلوچ قوم پرست قائدین سمیت تمام سیاسی رہنماؤں کے ساتھ خوشگوار اور احترام پر مبنی تعلقات کے قائل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں حکومت سازی کے وقت میاں محمد نواز شریف کی واضح ہدایت تھی کہ بلوچستان میں سب کو ساتھ لیکر آگے بڑھیں۔ ان کی یہ سوچ کہ تمام سیاسی قوتوں کے ساتھ احترام کا رشتہ قائم رکھا جائے اور ہر ایک کو عزت دی جائے، ایک قابلِ ستائش سیاسی روایت ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ "دی ریئل ڈیموکریٹ انٹرنیشنل سول ایوارڈ" کو میاں محمد نواز شریف سے منسوب کرنا ایک قابلِ تحسین اقدام ہے۔ ان کے نزدیک یہ ایوارڈ نہ صرف ایک شخصیت کی سیاسی خدمات کا اعتراف ہے بلکہ جمہوری جدوجہد، سیاسی برداشت اور عوامی خدمت کے اصولوں کو اجاگر کرنے کا ذریعہ بھی بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمہوری معاشرے میں سیاسی رہنماؤں کی خدمات کا اعتراف نئی نسل کو سیاسی جدوجہد، جمہوری اقدار اور عوامی خدمت کی اہمیت سے آگاہ کرنے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ایسی مثبت سرگرمیوں کا سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رہیگا۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ یہ ایوارڈ ان کی نظر میں بہت مقدم ہے اور جمہوری خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرنے کا یہ سفر جاری رہیگا۔ تقریب رونمائی میں اراکین قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ، اختر بی بی، صوبائی وزراء میر عاصم کرد گیلو، راحیلہ حمید خان درانی، سینیٹر سعید الحسن مندوخیل، رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل، وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر نسیم الرحمٰن ملاخیل، خلیل جارج، حاجی یونس بلوچ سمیت مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں، کارکنوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے مرد و خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مقررین نے "دی ریئل ڈیموکریٹ میاں محمد نواز شریف انٹرنیشنل سول ایوارڈ" کو جمہوری خدمات کے اعتراف اور سیاسی جدوجہد کو خراجِ تحسین پیش کرنے کی ایک مثبت کاوش قرار دیا۔

بقیہ 2

نے پیر کے روز کمشنر لسبیلہ ڈویژن کے حب کیمپ آفس میں ایمرجنسی ریسکیو سینٹر ملازمین کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ کمشنر لسبیلہ نے کوسٹل ہائیوے اور آرسی ڈی شاہراہ پر آتشزدگی کے واقعات میں ریسکیو 1122 ملازمین کے فائر فائٹنگ آلات کی عدم سہولیات اور ریسکیو ادارے کے ملازمین کی تنخواہوں کی بندش کے مسئلے کو فوری حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے کہا کہ لسبیلہ ڈویژن کے طول و عرض میں انسانی جانیں بچانے والے سب سے ہنگامی ادارے MERC* ریسکیو 1122* کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے۔ کیمیکل ہیومن ریسورس کو جدید سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن کو مرکز ایمرجنسی ریسکیو سینٹر کے مانیٹرنگ افسر نے بریفنگ میں بتایا کہ ادارے کے 128 ریسکیو ملازمین گزشتہ تین مہینوں سے تنخواہوں کے منتظر ہیں۔ کوسٹل ہائیوے اور آرسی ڈی ہائیوے پر مرکز ایمرجنسی ریسپانس سینٹرز میں تعینات ڈرائیورز، ایمرجنسی میڈیکل ٹیکنیشنز، فائر ریسکیورز اور کنٹرول روم آپریٹرز سال 2019* سے پروجیکٹ کی بنیاد پر* اپنے فرائض انجام دیتے رہے ہیں۔ نومبر 2025 میں پراجیکٹ کی معیاد مکمل ہوتے ہی ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ نے نان ڈیولپمنٹ میں لیا۔ گزشتہ 8 سالوں کے دوران ریسکیو ملازمین نے ہزاروں روڈ ایکسیڈنٹس، دل کے دوروں، زچگی کے کیسز، آتشزدگی اور قدرتی آفات میں اپنی جان پر کھیل کر ہزاروں قیمتی جانیں بچائی ہیں

بقیہ 3

عمرانی اور ان کے محافظ عرض محمد کھوسو کا مقدمہ بابا کوٹ پولیس تھانے میں میڈم شبنم عمرانی ولد مرحوم میر اللہ بخش عمرانی سمیت دیگر افراد زاہد جتوئی عبداللہ عرف فراز بڑو محمد اکبر عمرانی محمد اسحاق عمرانی خادم عمرانی کے خلاف درج کرلیا گیا ہے پولیس نے ملزمان کی گرفتاری کیلئے مختلف مقامات پر چھاپے مار رہی ہے تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آسکی ہے

بقیہ 4

آنے والے ہنگلاج ماتا نوراتری فیسٹیول کے انتظامات زائرین کی سہولت اور سیکورٹی سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر کرنل ماجد نے ہندو برادری کے معززین اور فیسٹیول منتظمین کو یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ ہنگلاج ماتا یاترا اور نوراتری فیسٹیول میں ملک کے مختلف علاقوں سے آنے والے زائرین کی جان و مال کے تحفظ کے لیے فول پروف سیکورٹی انتظامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ فیسٹیول میں شرکت کے لیے آنے والے زائرین کو محفوظ اور پرامن ماحول فراہم کرنا اولین ترجیح ہے اور بھرپور کوشش کی جائے گی کہ کسی بھی زائر کو دوران یاترا کسی قسم کی تکلیف یا مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے فیسٹیول کے دوران سیکورٹی اور دیگر ضروری انتظامات کو بہتر بنانے کے لیے ہندو برادری کے نمائندوں سے بھی تعاون جاری رکھنے کا کہا۔ دورے کے موقع پر کونسلر میونسپل کمیٹی وندر و ہنگلاج ماتا ویلفیئر اینڈ ڈویلپمنٹ سوسائٹی ورکنگ کمیٹی کے رکن نریش کمار، کرشن لال لاسی، دولت رام، مہاراج سروپ سمیت ہندو برادری کے دیگر معززین بھی موجود تھے۔ ہندو برادری کے رہنماؤں نے کرنل ماجد کی لیاری آمد کا خیر مقدم کرتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا اور ہنگلاج ماتا نوراتری فیسٹیول کے موقع پر زائرین کی حفاظت اور سہولت کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ہندو برادری کے معززین نے کہا کہ مذہبی تہوار کے موقع پر زائرین کے تحفظ اور سہولت کے لیے کیے جانے والے اقدامات قابلِ قدر ہیں جبکہ مختلف مذاہب کے درمیان باہمی احترام بھائی چارے اور تعاون کا فروغ معاشرے میں امن و ہم آہنگی کے قیام میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

بقیہ 5

اہم ملاقات میں کی ملاقات میں بلوچستان کی تاجر برادری کو درپیش اہم مسائل، مشکلات اور تحفظات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے بارڈر بندش، چیک پوسٹوں پر مبینہ غیر قانونی وصولیوں، سیکورٹی اداروں کے حوالے سے تاجر برادری کے تحفظات سامنے رکھے۔ امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے وفد کی تمام شکایات اور تحفظات کو نہایت غور سے سنا اور یقین دلایا کہ تاجر برادری کے جائز حقوق اور مسائل کے حل کے لیے جماعت اسلامی ہر آئینی و قانونی فورم پر بھرپور آواز اٹھائے گی۔ تاجروں کے مسائل حل ہوں گے تو بلوچستان ترقی کریگا جماعت اسلامی صوبائی اسمبلی کے اندر بھی اور اسمبلی سے باہر بھی تاجر برادری کے مسائل کے لیے آواز بلند کرے گی۔ ضرورت پڑنے پر وزیر اعلیٰ بلوچستان اور متعلقہ حکام سے وفد کی صورت میں ملاقات کر کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کا مطالبہ کیا جائے گا جبکہ ضرورت کے مطابق ان مسائل کو ملکی سطح پر بھی متعلقہ فورم پر اٹھایا جائے گا۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے تاجر برادری کے دوٹوک انداز میں کہا "آپ ہمارے ساتھ کھڑے ہوں، ہم آپ کے ساتھ کھڑے ہیں۔ اپنے جائز حقوق کے لیے منظم اور متحد ہو کر آواز بلند کریں

بقیہ 6

اور حکومتی احکامات پر عملدرآمد سمیت دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کھاد ڈیلرز نے شرکت کی اور انہیں کھاد کی خرید و فروخت اور نقل و حمل کے حوالے سے جاری ہدایات سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ نے کہا کہ ضلع نصیر آباد میں کھاد کی غیر قانونی نقل و حمل پر مکمل پابندی کو یقینی بنایا جا رہا ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے کھاد کی نقل و حمل اور فراہمی کے حوالے سے واضح احکامات جاری کیے گئے ہیں، جن پر تمام ڈیلرز کو ہر صورت عملدرآمد یقینی بنانا ہوگا۔ انہوں نے ڈیلرز کو ہدایت کی کہ سرکاری پورٹل پر درج طریقہ کار کے مطابق کھاد کی نقل و حمل اور ریکارڈ کو مکمل رکھا جائے

بقیہ 7

اسکول ہندو محلہ بختیار آباد ڈومکی کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے اساتذہ اور طلبا کی حاضری چیک کرنے کے

ساتھ ساتھ تعلیمی سرگرمیوں اور تدریسی امور کا بھی جائزہ لیا۔ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لیاقت علی لغاری نے اساتذہ کو مؤثر طریقہ تدریس، طلباء کے ساتھ بہتر رویے اور اخلاقی تربیت کے حوالے سے ضروری رہنمائی فراہم کی۔ انہوں نے مستحق طلباء میں یونیفارم بھی تقسیم کیے۔ اس موقع پر انہوں نے طلباء کو سالانہ امتحانات کی تیاری کے لیے بھرپور محنت کرنے اور امتحانات میں نقل جیسے ناسور سے مکمل طور پر اجتناب کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 8

متحدہ صوبے کے قیام کے حوالے سے اپنا کردار ادا کریں تاکہ پشتون قوم کی سیاسی اور افرادی قوت کو یکجا کرکے اس کے مسائل کے حل کے لیے مؤثر جدوجہد کی جاسکے۔ احمد خان نے کہا کہ ان کے مطابق پشتونوں کے ساتھ بیک وقت مفاہمت کے دعوے اور عملی طور پر مختلف پالیسیوں کا سلسلہ بند ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون قوم کو درپیش مسائل کے حل کے لیے سیاسی اتحاد اور مشترکہ حکمت عملی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابق فاٹا میں بڑی تعداد میں پشتون آبادی طویل عرصے تک قبائلی علاقوں کے نام پر مختلف انتظامی اور قانونی پابندیوں کا سامنا کرتی رہی، جبکہ ان علاقوں کو ماضی میں بعض اوقات علاقہ غیر کے طور پر بھی پکارا جاتا تھا۔ ان کے مطابق وہاں کے عوام کو مختلف ادوار میں سیاسی اور عسکری مقاصد کے لیے استعمال کیا گیا۔ افغان قومی موومنٹ کے سربراہ نے کہا کہ قبائلی علاقوں کے قومی دھارے میں انضمام کے بعد وہاں کے عوام کی سیاسی، جغرافیائی اور معاشی قوت کو ملک کے دیگر پشتون علاقوں کے ساتھ مربوط کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 9

فراہمی حکومت کی اہم ذمہ داری ہے۔ کوئٹہ آنے والے ملکی و غیر ملکی مہمانوں کو صوبے کی ترقی، ثقافت اور خوبصورتی کا مثبت تاثر ملنا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو یہاں کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کی پیش رفت سے متعلق جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل کے ساتھ ان کے معیار کو بھی یقینی بنایا جائے۔ ترقیاتی منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں سڑکوں، گرین بیلٹس، پارکس، نکاسی آب اور دیگر بنیادی سہولیات کی بہتری پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ شہریوں کو بہتر ماحول اور سہولیات میسر آسکیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کوئٹہ صرف صوبائی دارالحکومت ہی نہیں بلکہ بلوچستان کی شناخت اور صوبے کا چہرہ ہے، اس لیے شہر کی ترقی، خوبصورتی اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کو ترجیحی بنیادوں پر آگے بڑھایا جائے۔

بقیہ 10

آہستہ رخصت ہو چکی ہے اور خزاں کے موسم نے اپنی آمد کا باقاعدہ پیغام دے دیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق روایتی ساون کے اختتام کے ساتھ ہی خطے میں موسم خزاں کا آغاز ہو چکا ہے۔ سائبیرین ہواؤں کے ہلکے اثرات کے باعث شدید گرمی کا زور مکمل طور پر ٹوٹ گیا ہے، جس سے موسم خوشگوار ہو گیا ہے۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق صوبے کے ان میدانی اور پہاڑی علاقوں میں اب راتیں سرد ہونا شروع ہو گئی ہیں، جبکہ دن کے اوقات میں بھی ہلکی خنکی محسوس کی جا رہی ہے۔

بقیہ 11

نے اپنی ٹیم کے ساتھ مقامی بازار کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے مارکیٹ کا جائزہ لیتے ہوئے تجاوزات، ریٹ لسٹوں اور مختلف اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی خود پڑتال کی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے بازار میں واقع سبزی و پھل کی دکانوں، گوشت کی دکانوں اور جنرل اسٹورز کا معائنہ کیا۔ انہوں نے دکانداروں کی جانب سے آویزاں کی گئی سرکاری ریٹ لسٹوں کی چیکنگ کی اور ہدایت کی کہ تمام دکاندار انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ نرخ نامے نمایاں جگہوں پر آویزاں رکھیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی دکاندار کو من مانے دام وصول کرنے، مصنوعی مہنگائی پیدا کرنے یا ذخیرہ اندوزی کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔ عوامی سہولت، تجاوزات کے خاتمے اور صفائی پر زور بازار میں سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر قائم ناجائز تجاوزات کا سخت نوٹس لیتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر نے دکانداروں کو اپنی حد میں رہنے کی ہدایت کی تاکہ پیدل چلنے والوں اور گاڑیوں کی آمد و رفت میں خلل نہ پڑے

بقیہ 12

مواصلات و تعمیرات روڈز بوستان خان چانڈیو نے ڈپٹی کمشنر کو مختلف ترقیاتی منصوبوں پر جاری تعمیراتی کام، پیش رفت اور معیار کے حوالے سے بریفنگ دی، جبکہ سب ڈویژنل آفیسران نادر علی بہنور اور اصغر علی چنہ بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر و سید لعل نے روباشاخ تا گوٹھ بھرک رند، روباشاخ تا گوٹھ اللہ دتہ اور عبدالملک رندتا گوٹھ غلام محمد مگسی سمیت دیگر جاری منصوبوں کا موقع پر معائنہ کیا اور تعمیراتی کام کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ تمام ترقیاتی منصوبوں میں تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور مقررہ معیار کے مطابق کام کو بروقت مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آسکیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ جاری منصوبوں کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے، کام کی رفتار تیز کی جائے اور منصوبوں کی تکمیل میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے۔

بقیہ 13

کمیٹی نصیر آباد کے چیئرمین میر محمد بلال صادق عمرانی کی قیادت میں نصیر آباد میں عوامی فلاح و بہبود اور ترقیاتی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری ہے، جس کے مثبت اثرات عوام تک پہنچ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میر محمد بلال صادق عمرانی عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی بہتری کے لیے عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں۔ مارکیٹ کمیٹی کے امور میں بہتری کے ساتھ ساتھ عوام کو درپیش مسائل کو متعلقہ فورمز پر اجاگر کیا جا رہا ہے، جبکہ بنیادی سہولیات کی فراہمی اور علاقے کی ترقی کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ دادن خان کا کھیہ کا کہنا تھا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت، جمہوریت اور پسے ہوئے طبقات کے حقوق کے لیے جدوجہد کرتی آئی ہے۔ پارٹی کارکنان اور عوامی نمائندے باہمی تعاون سے علاقے کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے

بقیہ 14

احترام، سیاسی اختلاف کو برداشت کرنے اور ووٹ کے فیصلے کو تسلیم کرنے کا نام ہے۔ گورنر ہاؤس کوئٹہ میں منعقدہ پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ انٹرنیشنل ریئل ڈیموکریٹ میاں محمد نواز شریف انٹرنیشنل سول ایوارڈ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں محمد نواز شریف کے نام سے منسوب کیا گیا ہے، جس کا مقصد جمہوریت، پارلیمانی اقدار، عوامی خدمت اور سیاسی جدوجہد کے حوالے سے نمایاں کردار ادا کرنے والی شخصیات کو خراجِ تحسین پیش کرنا ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ ان شاء اللہ یہ انٹرنیشنل سول ایوارڈ ہر سال پاکستان سمیت دنیا بھر کی ان شخصیات کو دیا جائے گا جنہوں نے پارلیمان کے احترام، ووٹ کی اہمیت اور جمہوریت کی سربلندی کے لیے سیاسی جدوجہد اور قربانیاں دی ہوں گی، جبکہ عوامی خدمت اور بہتر کارکردگی میں نمایاں کردار ادا کرنے والی شخصیات کو بھی ایوارڈ سے نوازا جائے گا۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ جمہوری معاشرے کی مضبوطی کے لیے آئین کی بالادستی، پارلیمان کے وقار اور عوام کے حق رائے دہی کا احترام ناگزیر ہے۔ سیاسی اختلاف جمہوری عمل کا حصہ ہے اور اختلاف رائے کو برداشت کرنا ہی جمہوری رویے کی عکاسی کرتا ہے

بقیہ 15

فہد کی نگرانی میں فشریز کی مانیٹرنگ ٹیم نے مختلف کشتیوں اور کانٹوں میں موجود جالوں کی جنگ سائز کا معائنہ کیا اور ماہی گیروں کو ممنوعہ جال کے استعمال سے سختی سے گریز کرنے کی ہدایت کی۔ محکمہ فشریز کے مطابق جال جنگ سائز 28،27،26 اور 114 کے استعمال کی خلاف ورزی پر قانونی کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ممنوعہ جال کے ذریعے چھوٹی مچھلیوں کے شکار سے مچھلیوں کی افزائش اور سمندری حیات کے قدرتی توازن کو نقصان پہنچتا ہے، جس کے باعث ایسے جالوں کے استعمال کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ جبکہ خلاف ورزی کرنے والے ماہی گیروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہوگی اور اس کی ذمہ داری متعلقہ شخص پر عائد ہوگی۔

بقیہ 16

کنٹرول کے حوالے سے کارروائیاں کیں۔ کارروائی کے دوران مقررہ نرخوں سے زائد قیمت پر اشیا کی فروخت اور گرانفروشی پر 9 تندور مالکان اور 2 قصابوں کو گرفتار کرلیا گیا۔ انتظامیہ نے واضح کیا کہ عوام کو مقررہ نرخوں پر اشیاء کی فراہمی، قیمتوں میں استحکام اور صارفین کے حقوق کے تحفظ کے لیے کارروائیاں بلا امتیاز جاری رہیں گی۔

بقیہ 17

گی۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر نوروز یعقوب نے عوام کو صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کے عزم کے تحت ہسپتال کے غیر فعال طبی وسائل کی بحالی پر خصوصی توجہ دی ہے ان کی کاوشوں سے کئی ماہ سے خراب ایمبولینس کی مرمت ممکن ہوئی، جس سے علاقے کے عوام کو درپیش سفری مشکلات میں کمی آئے گی ایمبولینس کی بحالی کو نو تشکیل شدہ ضلع تمپ میں عوامی خدمت اور صحت کے شعبے میں سہولیات کی بہتری کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے اس اقدام سے نہ صرف مریضوں کو بروقت طبی امداد کی فراہمی میں سہولت ملے گی بلکہ ہنگامی طبی ضروریات کے دوران ایمبولینس کی دستیابی بھی ممکن ہوگی

بقیہ 18

وزارت دفاع کی جانب سے پاکستان پر عائد الزامات کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان خود گزشتہ دو دہائیوں سے دہشت گردی کا شکار رہا ہے۔ میر ظہور بلیدی نے اپنے ایکس (X) پیغام میں کہا کہ افغان حکام کو پاکستان کے خلاف الزامات عائد کرنے کے بجائے قابلِ اعتماد اور قابلِ تصدیق شواہد پیش کرنے چاہئیں اور افغان سرزمین سے سرگرم تمام دہشت گرد گروہوں کے خلاف قابلِ عمل اقدامات اٹھانے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ علاقائی سلامتی کے لیے حقائق، ذمہ داری اور باہمی تعاون ضروری ہیں، بے بنیاد الزامات نہیں۔ پاکستان کی مسلح افواج مسلسل دہشت گردی کے خلاف جنگ میں مصروف ہیں اور خطے میں امن و سلامتی کے لیے اپنا کردار ادا کر رہی ہیں۔ افغان وزارت دفاع نے دعویٰ کیا تھا کہ نورستان کے ضلع کامدیش میں 28 جنگجو ہلاک اور 32 زخمی ہوئے، جبکہ اس نے ان افراد کو پاکستان سے آنے والا قرار دیتے ہوئے پاکستانی حمایت کا الزام عائد کیا۔ تاہم پاکستان کی وزارت اطلاعات و نشریات نے ان الزامات کو مسترد کرتے ہوئے انہیں بے بنیاد قرار دیا ہے۔

بقیہ 19

خواتین اور بچوں سمیت انسانی جانوں کے ضیاع کی اطلاعات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایکس (X) پیغام میں میر ظہور بلیدی نے کہا کہ انسانی جانوں، خصوصاً خواتین اور بچوں کے جاں بحق ہونے کی اطلاعات انتہائی افسوسناک اور تشویشناک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہری آبادی کا تحفظ، بالخصوص خواتین اور بچوں کی سلامتی، ہر صورت مقدم ہونی چاہیے۔ میر ظہور بلیدی نے کہا کہ گھر اور چادر و چار دیواری کی حرمت کی پامالی انسانی اقدار کے منافی ہونے کے ساتھ ساتھ بلوچ روایات اور معاشرتی اصولوں کے بھی خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے واقعات کی مکمل تحقیقات ہونی چاہئیں، ذمہ دار عناصر کی نشاندہی کر کے قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور مستقبل میں اس نوعیت کے واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں۔

بقیہ 20

امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران قبائلی معتبرین نے سیکورٹی چیک پوسٹوں کے حوالے سے اپنے تحفظات اور مقامی آبادی کو درپیش مشکلات سے کمشنر کو آگاہ کیا۔ قبائلی وفد نے مختلف چیک پوسٹوں کی افادیت، موجودہ مقامات، فعالیت اور ممکنہ منتقلی سے متعلق امور پر بھی تفصیلی بریفنگ دی۔ قبائلی عمائدین کا کہنا تھا کہ بعض سیکورٹی چیک پوسٹیں علاقے کے امن و تحفظ کے لیے اہم ہیں، تاہم بعض مقامات پر عوام کو مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ چیک پوسٹوں کی منتقلی اور فعالیت کے حوالے سے مقامی آبادی کے تحفظات اور زمینی حقائق کو مدنظر رکھا جائے۔ اس موقع پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری نے قبائلی وفد کو مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ کو چیک پوسٹوں سے متعلق قبائل کے تحفظات دور کرنے کے لیے ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت کی۔ کمشنر نے ہدایت کی کہ متعلقہ علاقوں کا موقع پر دورہ کر کے چیک پوسٹوں کی موجودہ صورتحال، ضرورت اور عوام کو درپیش مشکلات کا جائزہ لیا جائے اور اس حوالے سے رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ چیک پوسٹوں کی منتقلی اور فعالیت سے متعلق زمینی حقائق کا جائزہ لے کر جلد رپورٹ پیش کی جائے۔ ذیشان لاشاری نے کہا کہ علاقے میں امن و امان کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے

بقیہ 21

پیرکو سے تعلق رکھنے والا ایک شخص شیر ہوٹل کے موقع پر ہلاک ہوگیا۔ پولیس نے نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی اور مقدمہ درج کرکے مزید کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 22

کے نمائندگان نے یونیورسٹیز فنانس کمیشن کے فورم پر اپنی جامعات کو درپیش مالی مشکلات اور دیگر مسائل سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے یقین دہانی کرائی کہ جامعات کے مسائل کے حل کے لیے تمام متعلقہ امور کو حکام بالا کے نوٹس میں لایا جائے گا اور ان کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائیں گے۔ اجلاس میں جامعات کے نمائندگان نے تنخواہوں اور پنشن کے مسائل کے حل کے لیے صوبائی وزیر خزانہ، یونیورسٹیز فنانس کمیشن اور حکومت بلوچستان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے بروقت اقدامات کے باعث اس وقت جامعات کو تنخواہوں اور پنشن کی ادائیگی کے حوالے سے کوئی قابلِ ذکر مسئلہ درپیش نہیں۔ اجلاس میں بالخصوص یونیورسٹی آف بلوچستان کے پنشن واجبات کے معاملے پر بھی پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔ حکومت بلوچستان کی منظوری سے محکمہ خزانہ نے یونیورسٹی آف بلوچستان کو 50 کروڑ روپے بطور قرض فراہم کیے ہیں، تاکہ یونیورسٹی کے دیرینہ پنشن واجبات (Pension Liabilities) کے مسئلے کے حل میں مدد مل سکے۔ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے کی جامعات کو درپیش مالی مشکلات کے حل اور اعلیٰ تعلیم کے فروغ کے لیے دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ جامعات میں مالی استحکام نہ صرف اساتذہ اور ملازمین کے مسائل کے حل کے لیے ضروری ہے بلکہ معیاری تعلیم اور تحقیق کے تسلسل کے لیے بھی انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔

بقیہ 23

کرالیا گیا۔ واگزار کرائی گئی اراضی رکنی ماڈل بازار کے لیے مختص ہے، جہاں تعمیراتی و ترقیاتی کام جاری ہیں۔ انتظامیہ کی جانب سے سرکاری اراضی پر قائم غیر قانونی قبضوں اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے کارروائی کی گئی تاکہ ماڈل بازار کے منصوبے پر ترقیاتی کام مقررہ رفتار کے مطابق جاری رکھے جاسکیں۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر رکنی فہد حسین عمرانی نے کہا کہ سرکاری اراضی کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے، سرکاری زمین پر کسی بھی قسم کے غیر قانونی قبضے اور تجاوزات کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ اہلکاروں کو ہدایت کی کہ واگزار کرائی گئی اراضی کی نگرانی یقینی بنائی جائے اور دوبارہ تجاوزات قائم نہ ہونے دی جائیں۔

بقیہ 24

اقدامات آج بھی واضح طور پر دکھائی دے رہے ہیں، تونگی باتوزئی ڈیم قلعہ سیف اللہ کی تقدیر بدلنے والا ایک تاریخی اور انقلابی منصوبہ ہے جس نے لاکھوں ایکڑ بنجر اراضی کو قابل کاشت بنا کر علاقے میں زرعی انقلاب کی بنیاد رکھی اور ہزاروں خاندانوں کے معاشی مستقبل کو محفوظ بنایا، اگر سیاسی بغض، ذاتی مفادات اور نفرت کی سیاست سے بالاتر ہو کر عوامی فلاح و بہبود، اجتماعی مفاد اور صوبے کی ترقی کو ترجیح دی جائے تو بلوچستان کے ہر حلقے میں اسی نوعیت کے عوام دوست اور دور رس نتائج کے حامل منصوبے شروع کیے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قلعہ سیف اللہ کے عوام کے وسائل کے لیے جے یو آئی کے نمائندوں نے اپنی بن کران کی امانت کا حق ادا کیا ہے، یہی وجہ ہے کہ آج بلوچستان کے مختلف اضلاع میں ایسے بے شمار ترقیاتی منصوبے موجود ہیں جن کے ثمرات سے عوام براہ راست مستفید ہو رہے ہیں۔ جمعیت علماء اسلام کی قیادت اور اس کے نمائندے عوام کی مرہونِ منت ہو کر ایوانوں تک پہنچتے ہیں، اس لیے وہ کسی فرد، گروہ یا طاقت کے بجائے عوام کے سامنے جوابدہ ہیں۔ موسمی پرندوں، سیاسی پیراشوٹرز اور مصنوعی نمائندگی کے ذریعے اقتدار کے ایوانوں تک پہنچنے والوں نے بلوچستان کے اجتماعی مفادات کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچایا اور صوبے کی معاشی و ترقیاتی بنیادوں کو کمزور کیا۔ سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے محدود وسائل اور مختصر مدتِ اقتدار کے باوجود بلوچستان کو ایسے میگا منصوبے دیے جو آج بھی اپنی افادیت اور اہمیت کے اعتبار سے نمایاں ہیں، مگر افسوس کہ ان منصوبوں میں بعد میں ترقی کا وہ تسلسل برقرار نہ رہ سکا اور متعدد منصوبے آج بھی اسی

کوئٹہ: نیشنل پارٹی کے سربراہ و سابق وزیراعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ تعزیتی ریفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

نواز شریف کی جمہوری اداروں کے استحکام کیلئے خدمات اور قربانیاں قابل قدر ہیں، گورنر مندوخیل

پاکستان کو ایٹمی قوت بنایا اور جمہوریت کی پاسداری، سیاسی جدوجہد اور ملک میں جمہوری عمل کے تسلسل کیلئے بڑی قربانیاں دی ہیں

سیاسی و جمہوری قائدین میں خان عبدالولی خان کے بعد میاں محمد نواز شریف ایک بڑے سیاسی رہنما ہیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ میاں محمد نواز شریف تین مرتبہ پاکستان کے وزیراعظم رہ چکے ہیں پاکستان کو ایٹمی قوت بنایا اور جمہوریت کی پاسداری، سیاسی جدوجہد اور ملک میں جمہوری عمل کے تسلسل کیلئے بڑی قربانیاں دی ہیں (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

ایمرجنسی ریسکیو سینٹر 1122 کی خدمات قابل تحسین ہیں، سائرہ عطاء

ہنگامی ادارے MERC* ریسکیو* 1122* کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے

لسبیلہ (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے کہا ہے کہ ہنگامی حالات میں اور خاص طور پر موجودہ سیکیورٹی صورتحال کے تناظر میں ایمرجنسی ریسکیو سینٹر 1122 کی خدمات قابل تحسین ہیں لسبیلہ ڈویژن کی انتظامیہ ریسکیو ادارے کی ہر ممکن حوصلہ افزاء کریگی یہ بات انہوں (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

سینیٹر عبدالقادر کی سربراہی میں پاکستانی پارلیمانی وفد منیلا پہنچ گیا

کوئٹہ+منیلا (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر کی قیادت میں سینیٹ آف پاکستان کا پارلیمانی وفد فلپائن کے دارالحکومت منیلا پہنچ گیا

قبائلی رہنما میر نوریز خان عمرانی ومحافظ کے قتل کا مقدمہ شبنم عمرانی سمیت 6 افراد کے خلاف درج

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو بابا کوٹ میں قبائلی شخصیت میر نوریز خان عمرانی اور انکے محافظ کے قتل کا مقدمہ شبنم عمرانی سمیت چھ افراد کے خلاف درج کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق تمبو بابا کوٹ موضع صوبھانی کے ایریا میں گزشتہ شب قتل ہونے والے قبائلی شخصیت میر نوریز خان (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

زائرین کو محفوظ اور پرامن ماحول فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، کرنل ماجد

زائرین کی جان و مال کے تحفظ کے لیے فول پروف سیکیورٹی انتظامات کیے جائیں گے

سونمیانی وندر (پ ر) لسبیلہ کے ساحلی علاقے ... (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ بلوچستان کا چہرہ ہے، میر سرفراز بگٹی

دارالحکومت کی خوبصورتی، بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور شہری سہولیات کی فراہمی حکومت کی اہم ذمہ داری ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ کوئٹہ بلوچستان کا چہرہ ہے، صوبائی دارالحکومت کی خوبصورتی، بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور شہری سہولیات کی (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، قلات، مستونگ اور نوشکی میں گرمی کا زور ٹوٹ گیا، خزاں کا باقاعدہ آغاز

ساون کے اختتام اور سائبیرین ہواؤں کے اثرات سے راتیں سرد ہونے لگیں، صبح و شام کی خنکی میں نمایاں اضافہ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے مختلف اضلاع میں موسم نے ایک بار پھر خوبصورت کروٹ بدل لی ہے، جہاں کوئٹہ، قلات، مستونگ اور نوشکی سمیت کئی علاقوں سے گرمی آہستہ (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

لاہور: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو نیشنل کالج آف پبلک پالیسی میں شیلڈ پیش کی جا رہی ہے

اسسٹنٹ کمشنر خوست کا ٹیم کے ہمراہ مقامی بازار کا تفصیلی دورہ

انتظامیہ کا مقصد عوام کو معیاری و واجبی قیمت پر اشیاء کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے، اسرار شاہوانی

ہرنائی (خ ن) عوام الناس کو ریلیف کی فراہمی، شہر میں نظم و ضبط کی بحالی اور اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کو کنٹرول میں رکھنے ... اسسٹنٹ کمشنر خوست اسرار احمد شاہوانی (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

ترقیاتی منصوبوں میں تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے، ورینڈر لعل

عوامی مفاد کے منصوبوں کی بروقت تکمیل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد ورینڈر لعل ... ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکیج سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

افغان سرزمین سے دہشتگرد گروہوں کیخلاف قابل عمل اقدامات اٹھانے چاہئیں، ظہور بلیدی

گھر اور چار دیواری کی حرمت کی پامالی انسانی اقدار کے منافی ہونے کے ساتھ ساتھ بلوچ روایات اور معاشرتی اصولوں کے بھی خلاف ہے

افغان حکام کو پاکستان کے خلاف الزامات عائد کرنے کے بجائے قابلِ اعتماد اور قابلِ تصدیق شواہد پیش کرنے چاہئیں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات بلوچستان میر ظہور احمد بلیدی نے نورستان کے واقعے سے متعلق افغان (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر) کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات بلوچستان میر ظہور احمد بلیدی نے بلیدہ میں ایک گھر پر راکٹ حملے کے نتیجے میں (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

حب کی تحصیل دریجی میں نامعلوم مسلح افراد بینک لوٹ کر فرار

اوتھل (این این آئی) ضلع حب کی دور افتادہ تحصیل دریجی میں دن دیہاڑے مسلح افراد نے بینک الحبیب کی برانچ میں مبینہ طور پر لوٹ مار کی اور کارروائی کے بعد فرار ہوگئے۔ دریجی میں مسلح افراد کی بینک ڈکیتی، چھ ملزمان تین موٹر سائیکلوں پر سوار ہو کر فرار ہونے میں کامیاب، واقعے کے دوران مسلح افراد نے بینک کے سیکیورٹی گارڈ پر فائرنگ بھی کی

سوئی، گاڑی پر فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) سوئی کے علاقے میں نامعلوم افراد کی گاڑی پر فائرنگ سے ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ پولیس کے مطابق پیر کو سوئی روڈ پر ڈوبلی کے قریب نامعلوم افراد نے گاڑی پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

شہریوں کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، ذیشان لاشاری

علاقے میں امن و امان کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے

کوئٹہ (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی کی قیادت میں بازئی قبائل کے ایک وفد نے کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری سے ملاقات کی، جس میں اغبرگ اور نوحصار میں قبائل کو درپیش مسائل، امن و امان کی صورتحال اور سیکیورٹی چیک پوسٹوں سے متعلق (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سے پاکستان میں تعینات کوریا کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

جامعات میں مالی استحکام، اساتذہ اور ملازمین کے مسائل کے حل کیلئے ضروری ہے، شعیب نوشیروانی

حکومت صوبے کی جامعات کو درپیش مالی مشکلات کے حل اور اعلیٰ تعلیم کے فروغ کے لیے دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے ہر ممکن تعاون جاری رکھیں گے

جامعات کے مسائل کے حل کے لیے تمام متعلقہ امور کو حکام بالا کے نوٹس میں لایا جائے گا اور حل کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت یونیورسٹیز فنانس کمیٹی (UFC) کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں سیکریٹری خزانہ ... مالی سال 2026-27 کے لیے ... (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

رکنی شہر میں تجاوزات کے خلاف موثر کارروائی

کارروائی کے دوران 3.5 ایکڑ قیمتی سرکاری کمرشل اراضی کو غیر قانونی قبضے سے واگزار کرالیا

بارکھان/رکنی (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان ... اسسٹنٹ کمشنر رکنی ... کارروائی کے دوران 3.5 ایکڑ قیمتی سرکاری کمرشل اراضی کو غیر قانونی قبضے سے واگزار کرالیا (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ سیکرٹری کھیل و امور نوجوانان درا بلوچ، ڈائریکٹر امور نوجوانان سجاد اسلم بلوچ و دیگر مقررین صوبائی یوتھ پالیسی ڈائیلاگ اینڈ کمٹمنٹ فورم کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

تاجروں کے مسائل کے حل کیلئے منظم اور موثر پلیٹ فارم کی ضرورت ہے، ہدایت الرحمن بلوچ

جماعت اسلامی صوبائی اسمبلی کے اندر بھی اور اسمبلی سے باہر بھی تاجر برادری کے مسائل کے لیے آواز بلند کرے گی

تاجر برادری کے جائز حقوق اور مسائل کے حل کے لیے جماعت اسلامی ہر آئینی و قانونی فورم پر بھرپور آواز اٹھائے گی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ سے جماعت اسلامی کے صوبائی سیکرٹریٹ کوئٹہ میں بلوچستان بزنس فورم کے وفد نے میر محمد عاصم سنجرانی، عبدالمجید سربازی، حافظ نور علی، سکندر علی کی قیادت میں (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

کچھی، مسلح ڈاکوؤں کی لوٹ مار، مسافر کوچ پر فائرنگ سے ایک مسافر جاں بحق، تین زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این ائی) کچھی، بجی اور بھاگ ناڑی میں ڈاکوؤں کی لوٹ مار اور مسافر کوچ پر فائرنگ ایک مسافر جاں بحق جبکہ تین زخمی ہوگئے ڈاکو لاکھوں روپے نقدی درجنوں موبائل فون لوٹ کر فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق کچھی پولیس تھانہ حاجی شہر کی حدود بجی کے مقام پر گزشتہ شب کوئٹہ سے نواب شاہ جانے والی مسافر کوچ پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک مسافر محمد جمن کھوسو موقع پر ہی جاں بحق جبکہ دیگر تین مسافر شدید زخمی ہوگئے

حب: تحصیل دریجی میں بینک الحبیب میں ڈکیتی کی واردات کے بعد پولیس وین جائے وقوعہ پر کھڑی ہے

ڈیرہ مراد جمالی، زہریلی چائے پینے سے ایک شخص ہلاک

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں زہریلی چائے پینے سے ایک شخص ہلاک جبکہ دوسرے کو تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق صدر پولیس تھانے کی حدود گوٹھ عبدالفتاح کھوسو کے رہائشی جمشیر کٹوہر نے مبینہ طور پر دو مہمانوں کو چائے میں زہر ملا کر پلا دی جس کے باعث نصراللہ کٹوہر اور لونگ خان کٹوہر کی حالت غیر ہونے پر انکو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں دوران علاج لونگ خان کٹوہر نے دم توڑ دیا جبکہ نصراللہ کٹوہر کو سخت تشویش ناک حالت میں لاڑکانہ ریفر کر دیا

ڈیرہ مراد جمالی، اسسٹنٹ کمشنر کی سربراہی میں کھاد ڈیلرز کا اجلاس

ضلع نصیر آباد میں کھاد کی غیر قانونی نقل و حمل پر مکمل پابندی کو یقینی بنایا جا رہا ہے، بہادر خان کھوسہ

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد ورینڈر لعل کے احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ کی سربراہی میں کھاد ڈیلرز کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع نصیر آباد میں کھاد کی دستیابی، نقل و حمل، سرکاری سطح پر بنائے گئے پورٹل کے ذریعے کھاد کی ترسیل (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

ڈی ای او کا تحصیل لہڑی کا مختلف سرکاری اسکولوں کا اچانک دورہ

اساتذہ اور طلباء کی حاضری چیک کرنے کے ساتھ ساتھ تعلیمی سرگرمیوں اور تدریسی امور کا بھی جائزہ لیا

سبی / لہڑی (خ ن) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لہڑی لیاقت علی لغاری نے تحصیل لہڑی کے نصیر آباد بارڈر سے متصل دور دراز علاقوں میں قائم مختلف سرکاری اسکولوں کا اچانک دورہ کیا۔ انہوں نے گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول سونا خان گبول اور گورنمنٹ بوائز پرائمری (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

پشتون قوم کے متحد ہوئے بغیر محرومیوں سے نکلنا مشکل ہے، احمد خان

سیاسی جماعتیں متحدہ صوبے کے قیام کیلئے کردار ادا کریں

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ کے سربراہ قائد تحریک صدر احمد خان نے کہا ہے کہ پشتون قوم کے متحد ہوئے بغیر محرومیوں سے نکلنا مشکل ہے۔ انہوں نے تمام پشتون قوم پرست سیاسی جماعتوں سے مطالبہ کیا کہ ملک کے مختلف حصوں میں آباد پشتون آبادی کے لیے ایک (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر عبدالقادر کی قیادت میں پاکستانی پارلیمانی وفد منیلا میں فلپائن کے سینیٹ کے صدر شیرون گیلیان سے ملاقات کر رہے ہیں

علاقے کی ترقی کے لیے کوششیں جاری ہیں، دادن خان کانگھیہ

بلال صادق عمرانی عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی بہتری کے لیے عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں



نصیر آباد (محمد یونس عمرانی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور تحصیل چھتر، یوسی فلیجی کھوڑ واہ کے سرگرم کارکن دادن خان کانگھیہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی نصیر آباد کے ڈویژنل صدر و مارکیٹ (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

جمہوریت صرف انتخابات نہیں، سوچ، رویے اور مسلسل جدوجہد کا نام ہے، جمال شاہ کاکڑ

نواز شریف کے نام سے انٹرنیشنل سول ایوارڈ ہر سال نمایاں جمہوری و عوامی شخصیات کو دیا جائے گا

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ جمہوریت صرف انتخابات کا نام نہیں بلکہ ایک سوچ، رویے اور مسلسل جدوجہد کا نام ہے۔ جمہوریت عوام کے حق انتخاب، آئین کی بالادستی، پارلیمان کے (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

گوادر، غیر قانونی اور ممنوعہ جال کے استعمال کے خلاف کارروائیاں مزید تیز

محکمہ فشریز کی جانب سے پدی زر بیچ سمیت ساحلی علاقوں میں مانیٹرنگ اور چیکنگ کا عمل جاری

گوادر (خ ن) محکمہ فشریز نے غیر قانونی اور ممنوعہ جال کے استعمال کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرتے ہوئے گوادر کے سمندر پدی زر بیچ پر کشتیوں اور کانٹوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے ڈائریکٹر فشریز میرین احمد ندیم کی ہدایت اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز گوادر شاہ (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

کراچی: جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

انتظامیہ کا کریک ڈاؤن، گرانفروشی پر 9 تندور مالکان اور 2 قصاب گرفتار

عوام کو مقررہ نرخوں پر اشیاء کی فراہمی اور حقوق کے تحفظ کے لیے کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی، امیر حمزہ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات پر عوامی شکایات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سٹی محمد امیر حمزہ اور مجسٹریٹ سٹی اعجاز حسین کھوسہ نے سیٹلائٹ ٹاؤن، منی مارکیٹ اور ڈبل روڈ کے علاقوں میں پرائس (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

تمپ، ایمبولینس کو مرمت مکمل کر کے عوامی سہولت کے لیے دوبارہ بحال کر دیا

علاقے کے عوام کو درپیش سفری مشکلات میں کمی آئے، ڈاکٹر نوروز یعقوب

تمپ (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر تمپ ڈاکٹر نوروز یعقوب کی خصوصی دلچسپی اور موثر اقدامات کی بدولت ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال تمپ کی ایمبولینس کو مرمت مکمل کر کے عوامی سہولت کے لیے دوبارہ بحال کر دیا گیا ہے۔ ایمبولینس کی بحالی سے علاقے کے مریضوں کو بروقت طبی سہولیات کی فراہمی اور ہنگامی حالات میں مریضوں کو ہسپتال منتقل کرنے میں مدد ملے (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی کے قریب نامعلوم افراد نے ریلوے ٹریک کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب نامعلوم افراد نے ریلوے ٹریک کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب منگولی پولیس تھانے کی حدود گلاب لاڑو کے مقام پر نامعلوم دہشت گردوں نے دھماکہ خیز مواد سے ریلوے ٹریک کو اڑا دیا جس سے ریلوے ٹریک کو نقصان پہنچا اور تین سے چار فٹ پٹڑی تباہ ہوئی جبکہ دھماکے سے قبل کوئٹہ سے اندرون ملک جانے والی مسافر ٹرین کا گزر ہوا جو کہ بال بال بچ گئی واقعے کے بعد پولیس اور سیکورٹی فورسز جائے وقوع پر پہنچ گئے اور علاقے کا گھیراؤ کر کے سرچ آپریشن شروع کر دی

توئی باتوزئی ڈیم قلعہ سیف اللہ کی تقدیر بدلنے والا تاریخی اور انقلابی منصوبہ ہے، مولانا واسع

جے یو آئی کے حقیقی عوامی مینڈیٹ کے مقابلے میں غیر مقبول، غیر عوامی اور مصنوعی نمائندے مسلط کر کے بلوچستان کی ترقی کا سفر روک دیا گیا

لاکھوں ایکڑ بنجر اراضی کو قابل کاشت بنا کر علاقے میں زرعی انقلاب کی بنیاد رکھی اور ہزاروں خاندانوں کے معاشی مستقبل کو محفوظ بنایا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے توئی باتوزئی ڈیم قلعہ سیف اللہ میں ایک بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ... اور اس کے طول و عرض میں جمعیت علماء اسلام کی عوامی خدمات اور ترقیاتی (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

واٹر ٹینک منصوبہ غفلت و عدم دلچسپی کے باعث تعطل کا شکار

منصوبے پر کام شروع ہونے کے باوجود اسے مکمل نہ کیا جاسکا، ٹھیکیدار کام ادھورا چھوڑ کر رفو چکر ہو گیا

سونمیانی وندر (رپورٹ۔ زبیر بلوچ) وندر، 2 لاکھ گیلن واٹر ٹینک منصوبہ ٹھیکیدار کی مبینہ غفلت و عدم دلچسپی کے باعث تعطل کا شکار ادھورا ٹینک سوالیہ نشان بن گیا چھت کہاں گئی؟ کس نے نگل لی؟ کوئی پتہ نہیں منصوبے میں مبینہ ناقص میٹریل کے استعمال کا انکشاف کمشنر (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر سبی کا یونیورسٹی میں قائم ڈیجیٹل آئی ٹی لیب کا تفصیلی معائنہ

حکومت تعلیمی معیار کو بلند کرنے اور طلبہ کو عصرِ حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے پُرعزم ہے، الیاس کبزئی

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے میر چاکر خان رند یونیورسٹی (MCKRU) کا دورہ کیا، جہاں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ممتاز علی بلوچ سے تفصیلی ملاقات کی گئی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سبی میر بہادر خان ہنگلوئی سمیت دیگر (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

نصیر آباد، سرکاری ملازمین کی ترقی اور محکمانہ امور میں بہتری کا سلسلہ جاری

2017 سے پرموشن کے منتظر مزید 17 پٹواریوں کو قانون گوز B.9 سے B11 کے عہدے پر تعیناتی کے آرڈرز تقسیم

نصیر آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور ایس ایم بی آر قمر دشتی کے احکامات کی روشنی میں نصیر آباد ڈویژن میں سرکاری ملازمین کی ترقی اور محکمانہ امور میں بہتری کا سلسلہ جاری ہے، اس حوالے سے کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے 2017 سے پرموشن کے منتظر مزید 17 پٹواریوں کو قانون گوز B.9 سے B11 (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ایم این اے پھلین بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

رکھنی، چھپر کے مقام پر تیز رفتار کوچ حادثے کا شکار، 8 افراد زخمی

رکھنی (یو این اے) رکھنی کے قریب چھپر کے مقام پر کوئٹہ سے ملتان جانے والی ایک تیز رفتار مسافر کوچ حادثے کا شکار ہوگئی ہے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے کے نتیجے میں ابتدائی اطلاعات کے مطابق 8 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیمیں اور فرنٹیئر کور (ایف سی) کے جوان فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئے۔ ریسکیو اہلکاروں نے موقع پر زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی، جس کے بعد انہیں مزید علاج کے لیے قریبی ہسپتال منتقل کر دیا

کوئٹہ، انسداد دہشت گردی کی عدالت نے سابق پولیس سرجن ڈاکٹر عائشہ فیض کی ضمانت منظور کر لی

کوئٹہ (یو این اے) انسداد دہشت گردی کی عدالت نے سابق پولیس سرجن ڈاکٹر عائشہ فیض کی ضمانت منظور کر لی ہے۔ عدالت کی جانب سے ڈاکٹر عائشہ فیض کی ضمانت ڈیڑھ ڈیڑھ لاکھ روپے کے دو مچلکوں کے عوض منظور کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ سابق پولیس سرجن کو کالعدم تنظیموں کے بیانیے کے فروغ اور سیکیورٹی اداروں و حکومت کے خلاف مبینہ طور پر ہرزہ سرائی کرنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا تھا، جس پر اب عدالت نے قانونی کارروائی کے بعد ان کی ضمانت منظور کرنے کا حکم صادر کیا ہے۔

کچھی کھٹن پولیس تھانے کو نامعلوم مسلح افراد نے دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی کھٹن پولیس تھانے کو نامعلوم مسلح افراد نے دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا۔ پولیس کے مطابق کچھی کے علاقے کھٹن میں نامعلوم مسلح افراد نے پولیس تھانے پر حملہ کر دیا اور دھماکہ خیز مواد سے تھانہ کو اڑا دیا جس سے تھانے کی بلڈنگ زمین بوس ہوگئی پولیس کے مطابق تھانہ خالی تھا جس سے کسی قسم کا کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس مزید کارروائی کر رہی ہے۔

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883703
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے شہری عذاب میں مبتلا ہے، پشتونخوا میپ

کوئٹہ کے عوام کے مسائل کو حل کرنے کے لیے پارٹی کارکنوں کو دن رات محنت کرنی ہوگی عوام متعدد بنیادی مسائل کا سامنا کر رہے ہیں

موسم بدلنے کے باوجود گیس اور بجلی کی جاری لوڈشیڈنگ کیسکو اور سوئی سدرن گیس کمپنی کی عوام دشمنی کے سوا کچھ نہیں

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا کے زیر صدارت ضلع کوئٹہ کے ضلع ایگزیکٹیوز کا اجلاس پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری اقبال خان بڑے زئی نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کوئٹہ کی تنظیمی سیاسی صورتحال، ضلع کوئٹہ کے تحصیلوں کی کانفرنسز کو زیر غور لایا گیا اور اس حوالے سے ضلع (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)